# تعزیت نامے

''میرا چھوٹا پیارا بھائی نجیب الرحمٰن عثمانی مرحوم کے انتقال پر ملال سے خاندان مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کو جو صدمہ پہنچا ہے وہ ناقابل تلافی ہے اللہ تعالیٰ مرحوم نجیب الرحمٰن عثمانی کی بال بال مغفرت فرمائے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ہم سب کو صبر جمیل کی توفیق بخشے مگر اس حادثہ وفات پر جن حضرات نے تعزیتی خطوط کے ذریعہ اظہار تعزیت فرمایا ہے ہم سب ان کے شکر گزار ہیں۔

ان میں سے بعض تعزیت نامے اس قابل ہیں کہ اسے ''برہان'' میں شائع کررہے ہیں۔ ہمیں یقیناً ان تعزیت ناموں سے بڑا قلبی سکون حاصل ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر دے۔''

عمید الرحمٰن عثمانی

برادر محترم ومکرم عمید الرحمٰن صاحب زیدت عنایتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سفر سے واپسی پر محترم بھائی نجیب الرحمٰن صاحب مرحوم کے المناک حادثۂ وفات کی اطلاع نے پیکر غم والم بنادیا۔ آپ کے خانوادے سے بزرگوں کے وقت سے جو رابطہ اخلاص ومودت قائم ہے اور اس کو حضرت مفتی صاحب کی بزرگانہ تعلق شناسی نے مزید قربت ومحبت میں تبدیل کردیا تھا۔ اس لئے یہ حادثہ فاجعہ نہ صرف احقر کے لئے بلکہ میرے پورے گھرانے کے لئے شدید غم والم کا باعث ثابت ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حق تعالیٰ برادر مرحوم کو جوار رحمت ومغفرت قبول فرمائے اور جملہ اعزائے مرحوم کو توفیق صبر ارزانی فرمائے۔ برادر مرحوم کے لئے وقف دار العلوم میں ایصال ثواب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

شریک غم

محمد سالم، مہتمم وقف دار العلوم دیوبند

مکرمی جناب عمید الرحمٰن صاحب السلام علیکم

مزاج گرامی؟ بھائی نجیب کے انتقال کی افسوسناک خبر کافی تاخیر سے ملی۔ سخت صدمہ پہنچا۔ اللہ کی مرضی انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائے اور پس ماندگان کو صبر کی توفیق دے۔ آپ کے لئے سخت حادثہ ہے۔ میری تمام دلی ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں۔ بھائی نجیب مرحوم کے لئے برابر دعائے مغفرت کررہا ہوں۔ والسلام

ولی الرحمٰن نوری